# سندھ ایکٹ نمبرXXمجریہ 2011

# SINDHACT NO.XX OF 2011

# تھر کوئلہ اور توانائی بورڈ ایکٹ، 2011

# THE THAR COAL AND ENERGY BOARD ACT, 2011

## (CONTENTS) فہرست


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

حصہ اول

Part-I

ابتدائی

Preliminary

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

2. تعریف

Definitions

## حصہ دوئم

## Part-II

## بورڈکا قیام،اختیاراورکام

## Establishment, Power and Functions of the Board

3. بورڈکا قیام،اختیاراورکام

Establishment, Power and Functions of the Board

4. بورڈکی رکنیت

Membership of the Board

5. بورڈکے کام

Functions of the Board

## حصہّ سوئم

## PART-III

## بورڈ کے عملدار اور عملہ

## OFFICERS AND STAFF OF THE BOARD

6. عملداراور عملے کی ملازمت

Employment of Officers and Staff.

7. بورڈ کی مینجمنٹ اور سیکریٹریٹ

Management and Secretariat of the Board

## حصہّ چہارم

## PART-IV

## فنڈ

## FUND

8. بورڈ کا فنڈ

Fund of the Board.

9. اکاؤنٹس کی مینٹننس

Maintenance of Accounts.

10. آڈٹ

Audit

11. واجبات کی وصولی

Recovery of dues

## حصہّ پنجم

## PART-V

## متفرقات

## MISCELLANEOUS

12. دائرہ اختیار پر پابندی

Jurisdiction barred

13. ضمانت

Indemnity

14. اووررائیڈنگ گنجائشیں

Overriding Provisions

15. ضوابط بنانے کے اختیارات

Power to make Regulations

16. قواعد بنانے کے اختیارات

Power to make Rules

17. تحفظ

Saving

18. رکاوٹیں ہٹانا

Removal of Difficulties.

# سندھ ایکٹ نمبرXXمجریہ 2011

# SINDH ACT NO. XX OF 2011

# تھر کوئلہ اور توانائی بورڈ ایکٹ، 2011

# THE THAR COAL AND ENERGY BOARD ACT, 2011

[ 06جولائی 2011]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ صوبے میں تھر کوئلہ اور توانائی بورڈ قائم کیا جائے گا۔

تمہید (PREAMBLE)

جیسا کے سندھ صوبے میں تھر کوئلہ اور توانائی بورڈ قائم کرنا اور اس سے متعلقہ یا منسلک مقاصد حاصل کرنا ضروری ہو گیا ہے۔

اس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا۔

حصہّ اول

PART-I

ابتدائی

PRELIMINARY

حصہّ اول

PART-I

ابتدائی

PRELIMINARY

مختصر عنوان اور شروعات

SHORT TITLE AND COMMENCEMENT

1.(1) اس ایکٹ کو تھر کوئلہ اور توانائی بورڈ ایکٹ، 2011 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

تعریف
Definitions

2. اس ایکٹ میں، جب تک کچھ مضموں اور مفہوم کے بر عکس نہ ہو، تب تک:

(a) ''بورڈ '' سے مراد دفعہ 3 کے تحت قائم کیا گیا کوئلہ اور توانائی بورڈ؛

(b) ''چیئر مین '' سے مراد بورڈ کا چیئر مین؛

(c) ''کوئلہ'' سے مراد زمین کی سطح معدنیات اور جس میں شامل ہے کوئلے کی کان کا اینتھراسائٹ، بٹومینس کوئلہ، کوئلہ اور لگنائٹ؛

(d) ''ذخیرہ '' سے مراد صوبے میں قدرتی طور پر یا مصنوعی طور پر موجود کوئلے کا کوئی ذخیرہ، جس کا مالیاتی فائدہ لیا جا سکتا ہے؛

(e) ''حکومت'' سے مراد سندھ حکومت؛

(f) ''مینجنگ ڈائریکٹر'' سے مراد بورڈ کا مینجنگ ڈائریکٹر؛

(g) ''میمبر'' سے مراد بورڈ کا میمبر؛

(h) ''بیان کردہ'' سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے ضوابط یا قواعد کے تحت بیان کردہ۔

(i) ''ضوابط'' سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد،

(k) ''تھر'' سے مراد اضلاع تھرپارکر، عمرکوٹ، اور میرپور خاص پر مشتمل علائقہ.

حصہّ دوئم

## PART-II

بورڈ کا قیام، اختیار اور کام

## ESTABLISHMENT, POWER AND FUNCTIONS OF THE BOARD

حصہ دوئم
PART-II
بورڈ کا قیام، اختیار اور کام
ESTABLISHMENT, POWER AND FUNCTIONS OF THE BOARD

3.(1) حکومت نوٹیفکیشن کے ذریعے بورڈ قائم کرئے گی، جس کو تھر کوئلہ اور توانائی بورڈ کہا جائے گا۔

(2) بورڈ باڈی کارپوریٹ ہوگا، جس کو حقیقی وارثی اور عام کے ساتھ کوئی بھی ملکیت دونوں

منقولہ یا غیر منقولہ حاصل کرنا، رکھنا اور نیکال کرنے کا اختیار حاصل ہوگا اور بیان کردہ نام کے ساتھ کیس کر سکے گا اور اس پر کیس ہو سکے گا۔

(3) حکومت نوٹیفکیشن کے ذریعے اس ایکٹ کا دائرہ سندھ صوبے کے کچھ دوسرے علائقوں تک بڑھا سکتی ہے۔

(4) بورڈ کا ہیڈ آفس کراچی میں ہوگا اور بورڈ کو ایسی جگہ پر ریجنل آفیسر قائم کرنے کا اختیار ہوگا، جیسا وہ ضروری سمجھے۔

(5) بورڈ مشتمل ہوگا:

| | | |
|---|---|---|
| (i) | وزیر اعلیٰ سندھ | چیئرمین |
| (ii) | واٹر اور پاور کا وفاقی وزیر | وائس چیئرمین |
| (iii) | وزیر مالیات | میمبر |
| (iv) | وفاقی وزیر قانون | میمبر |
| (v) | تھر ریجن میں سے ایک عورت ایم این اے | میمبر |
| (vi) | تین صوبائی وزیر حکومت کی طرف سے نامزد کردہ | میمبر |
| (vii) | پلاننگ کمیشن کا ڈپٹی چیئرمین | میمبر |
| (viii) | واٹر اینڈ پاور وزارت کا ڈپٹی سیکریٹری | میمبر |
| (ix) | چیف سیکریٹری سندھ | میمبر |
| (x) | ایک نامور شخص (حکومت کی طرف سے نامزد کیا جائے گا) | میمبر |
| (xi) | کوئلہ اور توانائی ڈیولپمنٹ محکمے کا سیکریٹری | میمبر |
| (xii) | مئینجنگ ڈائریکٹر | میمبر/ سیکریٹری |

(2) حکومت اضافی میمبرز کو شامل کر سکتی ہے یا سرکاری گزیٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے بورڈ کی تشکیل کو تبدیل کر سکتی ہے۔

(3) بورڈ کے اجلاسوں کا کورم سندھ میں کم از کم تین میمبرز سمیت پانچ میمبرز پر مشتمل ہوگا۔

(4) بورڈ کے اجلاس ایسے طریقے اور ایسے وقت اور جگہ پر رکھے جائیں گے جیسا ضوابط میں بیان

کیا گیا ہو،

بشرطیکہ یہ کہ جب تک ایسے ضوابط بنائے جائیں، اجلاس اس طرح رکھے جائیں گے اور چلائے جائیں گے اور ایسے طریقے جیسا چیئرمین کی طرف سے طے کیا گیا ہو،

بورڈ کی رکنیت
MEMBERSHIP OF THE BOARD

4.(1) کوئی بھی فرد میمبر ہونے کے بعد اہل نہیں ہوگا یا میمبر کے طور پر جاری نہیں رکھ سکتا ہے، اگر:

(a) جو کہ پاکستان کا شہری نہیں ہے؛

(b) پاگل ہو گیا ہو یا ذہنی توازن کھو چکا ہو؛

(c) ہے یا کسی بھی وقت پر بداخلاقی کے جرم میں سزا سنائی جا چکی ہو؛

(d) ہے یا کسی بھی وقت دیوالیہ قرار دیا گیا ہو؛

(e) ہے کسی بھی وقت پر سرکاری ملازمت میں نااہل قرار دیا گیا ہو یا سرکاری ملازمت سے برطرف کیا گیا ہو؛

(f) اس ایکٹ کی گنجائشوں سے ٹکراؤ میں کام کر رہا ہو؛

(g) حکومت کی اجازت کے سوا واسطہ یا بالواسطہ کسی پروجیکٹ، اسکیم یا بورڈ کی ملکیت میں کوئی مالی مفاد ہو۔

(2) ایک نان آفیشنل میمبر تین سال کی مدت کے لیئے عہدہ رکھ سکتا ہے، جب تک وہ استعفیٰ نہ دے یا پیشگی ہٹایا نہ جائے اور وہ دوبارہ نامزدگی کے لیئے اہل ہوگا۔

(3) نان آفیشل میمبر کسی بھی وقت چیئرمین کو خط کے ذریعے میمبرشپ سے استعفیٰ اس تاریخ سے موثر ہوگا، جب چیئرمین قبول کرے۔

(4) حکومت نوٹیفکیشن کے ذریعے نان آفیشنل میمبر کو ہٹا سکتی ہے، جس میں ذیلی دفعہ (1) میں بیان کی گئی کوئی بھی نااہلی ہو۔

(5) بورڈ میمبرز کو ایسے معاوضے کی اجازت دے گا، جیسا وہ طے کرے۔

بورڈ کے کام
FUNCTIONS OF THE BOARD

5. بورڈ مندرجہ ذیل کام سرانجام دے گا۔

(a) تمام وزارتوں، محکموں اور حکومت پاکستان کی ایجنسیز کی طرف سے اور سندھ حکومت کے

لیئے پالیسیز بنانااس سے متعلق معاملات میں ون اسٹاپ آرگنائزیشن کے طور پر کام کرے گا؛

(b) تھر میں کوئلے کی کھدائی اور کول فائرڈ پاور جنریشن پلانٹس کے لیئے تھر کوئلے کے دوسرے استعمال کے لیئے پروجیکٹس کی منظوری لے گا؛

(c) تمام سرمایہ کاری کی پیش کش اور سرمایہ کاری سے حاصل کردہ پروجیکٹس کی حوصلہ افزائی ، تخمینہ لگانااور منظوری دلانا؛

(d) ضروری منظوریاں، لائسنسز، اجازت اور تھر کوئلے کو چلانے ، ڈھونڈنے اور ترقی دلانے کے لیئے دوسرے قانونی کاغذات حاصل کرنے میں سرمایہ کاروں کی مدد کرنا؛

(e) سرمایہ کاری پروگرامز کی ترقی اور تمام مرحلوں پر پروجیکٹس کی نگرانی کرنااور انٹر ایجنسی اور انٹرپراونشل کوآرڈینیشن، فوری عملدرآمد اور آپریشن کو یقینی بنانا؛

(f) تھر کوئلے کو ترقی دلانے کے لیئے عالمی اور قومی سرمایہ کاری کی ہمت افزائی اور حوصلہ افزائی؛

(g) تجویز کردہ پروجیکٹس کی مالی مدد کے لیئے مقامی، بیرونی اور عالمی اداروں سے تعاون کرنے کے لیئے سہولت کاری کرنا؛

(h) وفاقی، صوبائی، اور ضلعی حکومتوں کی سرگرمیوں میں تعاون کرنااور سہولت کار ہونااور تھر کوئلے سے متعلقہ بشمول انفرااسٹرکچر ڈیولیپمنٹ کی ان سے منسلک ایجنسیز سے تعاون کرنا اور سہولت کاری کرنا؛

(i) متعلقہ مقامی اور عالمی ایجنسیز سے خط و کتابت کرنے کے علاوہ ایسے معاملات کی جن میں حکومت پاکستان کی وابستگی شامل ہو؛

(j) تھر کوئلے کی ترقی کے لیئے سرمایہ کاروں کے لیئے مالی مراعات تیار کرنااور منظوری دینا؛

(k) تھر کوئلے کی ترقی سے متعلق معاملات پر بحث، نظرثانی، حل کے لیئے متعلقہ حکومتی ایجنسیز کے اہم اجلاسوں کاانعقاد؛

(l) تھر کوئلے کی ترقی سے متعلقہ عالمی تنظیموں سے کسی ضروری الحاق کی منظوری دینا؛

(m) کوئلے کی قیمت طے کرنااور ضابطہ رکھنا؛

(n) مقامی اور غیر ملکی کرنسیز میں بینک اکاؤنٹس کھولنااور چلانا؛

(o) سرمایہ کاروں کو فراہم کردہ کچھ خدمات کے لیئے فیس لینا یالگانا؛

(p) تھر کوئلے کی اہمیت اور موقعوں میں دلچسپی پیدا کرنا اور مارکیٹنگ کی ترقی کرانا، امیج بلڈنگ اور عوامی روابط کی حکمت عملی اوراس کی سرگرمیوں کی عوام تک رسائی؛اور

(q) تھر کوئلے کے ذخیروں کی ترقی سے متعلقہ دوسرے کام۔

حصہّ سوئم

PART-III

## حصہّ سوئم

## بورڈ کے عملداراور عملہ

بورڈ کے عملدار اور عملہ

OFFICERS AND STAFF OF THE BOARD

6.(1) بورڈ،ایسے عملدار، عملہ، صلاحکار یاماہر رکھ سکتا ہے، جس کو وہ اپنے کاموں کی ادائیگی کے لیئے ضروری سمجھے۔

(2) بورڈاپنے عملداروں، عملے، صلاحکاروں اور ماہرین کی مقرری شرائط اور ضوابط کے لیئے ضوابط بنا سکتا ہے۔

(3) بورڈاپنے عملداروں، عملے، صلاحکاروں اور ماہرین کے خلاف انتظامی قدم لینے کا مجاز ہوگا۔

بورڈ کی مینجمنٹ اور سیکریٹریٹ

MANAGEMENT AND SECRETARIAT OF THE BOARD

7.(1) ایک ایگزیکیٹیو مینجمنٹ ہوگی جو بورڈ کے کاموں کی ادائیگی میں بورڈ کی مدد کرے گی، جو کہ مینجنگ ڈائریکٹر اور دوسرے عملداروں پر مشتمل ہوگی، جس میں شامل عملہ بورڈ کی طرف سے مقرر کیا جائے گا۔ مئینجنگ ڈائریکٹ ایگزیکیٹیو مئنیجمنٹ کا چیف ایگزیکیٹیوآفیسر ہوگا۔

(2) حکومت بورڈ کے مئینجنگ ڈائریکٹر کے طور پر ایک عملدار جو بی ایس 20 کے عہدے سے کم نہیں ہوگا یا نجی سیکٹر میں سے موزوں شخص مقرر کرسکتی ہے۔

(3) اس ایکٹ کی گنجائشوں کے مطابق، مئینجنگ ڈائریکٹر:

(a) حکمت عملیوں اور بورڈ کے فیصلوں پر عمل درآمد کے لیئے ذمہ دار ہوگا۔

(b) بورڈ کے روزمرہ کے معاملوں کا ذمہ دار ہوگا اور بورڈ کے سیکریٹری طور پر کام کرے گا۔

(c) بورڈ کے مالی اور ایگزیکٹیو انتظامیہ کی نگرانی کرے گا اور سونپی گئی تمام ذمہ داریاں سرانجام دے گا اور اس ایکٹ کے تحت سونپی گئی یا منتقل کیئے گئے تمام کام سرانجام دے گا،

(d) بورڈ کے عملے پر انتظامی ضوابط استعمال کرنے کا اختیار حاصل ہو گا، اور

(e) ایسے دوسرے کام سرانجام دے گا جیسا ضوابط میں بیان کیا گیا ہو۔

حصہ چہارم
PART-IV
فنڈ
FUND

## حصہ چہارم

## فنڈ

بورڈ کا فنڈ
FUND OF THE BOARD.

8.(1) بورڈ کا ایک فنڈ ہو گا جو کہ مشتمل ہو گا:

(a) حکومت یا کسی مقامی باڈی سے ملی ہوئی گرانٹس اور سبسڈیز،

(b) قانون کے مطابق حکومت کی منظوری سے بورڈ کی طرف سے جمع کردہ یا حاصل کردہ قرض ،اور

(c) اس ایکٹ کے تحت قابل وصولی فیس اور چارجز۔

(2) فنڈ میں جمع کردہ رقم بورڈ کی طرف سے منظور کردہ کسی بھی شیڈولڈ بینک میں جمع کی جائے گی۔

(3) فنڈز اس ایکٹ کے مقصد حاصل کرنے کے لیئے استعمال کیئے جائیں گے بشمول عملے اور صلاحکاروں کی تنخواؤں اور معاوضوں، روزمرہ کے معاملات کو چلانے کے دوسرے اخراجات اور اس سلسلے میں قرضوں اور سود کی ادائیگی کے لیئے، اگر کوئی ہوں۔

اکاؤنٹس کی مینٹنس
MAINTENANCE OF ACCOUNTS.

9. بورڈ اکاؤنٹس ایسے طریقے اور اس طرح سے رکھے گا، جیسا بیان کیا گیا ہو۔

آڈٹ
AUDIT

10. بورڈ کے اکاؤنٹس ہر سال آڈیٹر جنرل پاکستان کی طرف سے آڈٹ کیئے جائیں گے ان کے ساتھ چارٹرڈ اکاؤنٹس کی فرم سے آڈٹ کیئے جائیں گے اور کمپنیز آرڈیننس، 1984 کے

تحت شامل کمپنیز پر عائد کرنے کے لائق پر عمل کیا جائے گا۔

واجبات کی وصولی
RECOVERY OF DUES

11. کسی شخص ، باڈی یا تنظیم کی طرف سے بورڈ کو قابل ادائیگی تمام رقوم لینڈ ریونیو کے واجبات طور پر حکومت کی طرف سے قابل وصول ہونگی۔

حصہ پنجم
PART-V
متفرقات
MISCELLANEOUS

## حصہ پنجم

## متفرقات

دائرہ اختیار پر پابندی
JURISDICTION BARRED

12.(1) اس ایکٹ کے تحت کچھ کرنے یا کچھ کرنے کے ادارے پر کسی عدالت کو کوئی فیصلہ کرنے یا کوئی حکم جاری کرنے یا کوئی کارروائی کرنے کا دائرہ اختیار حاصل نہیں ہو گا۔

(2) اس ایکٹ کے تحت لیا گیا کوئی قدم یا کی گئی کارروائی یا جاری کردہ حکم صرف ان بنیادوں پر غیر موثر نہیں ہو گا۔

(a) بورڈ یا کسی کمیٹی میں کوئی آسامی، ان کی تشکیل میں کسی نقص کی صورت میں،

(b) کسی بھی شخص کو نوٹس کی عدم فراہمی جہاں مکمل انصاف کیا گیا ہو: اور

(c) کچھ ختم کرنے، نقص یا بے قاعدگی کسی کیس کی میرٹ کو متاثر نہیں کرے گی۔

ضمانت
INDEMNITY

13. اس ایکٹ کے تحت کچھ بھی کرنے یا بھی کرنے کے ادارے پر حکومت ، بورڈ یا کسی دوسرے شخص کے خلاف کوئی مقدمہ یا قانونی کارروائی نہیں ہو گی۔

اوور رائیڈ نگ گنجائشیں
OVERRIDING PROVISIONS

14. اس ایکٹ کی گنجائش یا ان کے تحت بنائے گئے قواعد اور ضوابط موثر ہونگے جب تک کچھ کسی دوسرے قانون، قواعد یا ضوابط کے متضاد نہ ہو۔

15. بورڈ سرکاری گزیٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے اس ایکٹ کی گنجائشوں کو موثر بنانے کے لیئے ضوابط بنا سکتا ہے، جو اس ایکٹ اور اس کے تحت بنائے قواعد کے مطابق ہوں۔

ضوابط بنانے کے اختیارات
POWER TO MAKE REGULATIONS

16. حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے اس ایکٹ کی گنجائشوں کو موثر بنانے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے جو اس ایکٹ کے مطابق ہوں۔

قواعد بنانے کے اختیارات
POWER TO MAKE RULES

17. اس ایکٹ کی شروعات سے پیشتر حکومت کی طرف سے بیان کردہ تھر کوئلہ اور توانائی بورڈ اس ایکٹ کے تحت قائم کیا گیا سمجھا جائے گا اور اس سلسلے میں کیئے گئے تمام احکام، کارروائیاں اور لیئے گئے قدم تب تک لاگو رہیں گے جب تک ان کو تبدیل کیا، منسوخ کیا، یا مجاز اختیاری کی طرف سے ترمیم کیا جائے گا۔

تحفظ
SAVING

18. اگر اس ایکٹ کی گنجائشوں کو موثر بنانے میں کوئی رکاوٹ پیش آتی ہوں تو حکومت بورڈ کی سفارشات پر ایسی ہدایات، لے سکتی ہے، جو مذکورہ گنجائشوں سے ٹکراؤ میں نہ ہو، جیسا وہ اس رکاوٹ کو ہٹانے کے لیئے ضروری سمجھے۔

رکاوٹیں ہٹانا
REMOVAL OF DIFFICULTIES.

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**